سبق نمبر ۱۱

سورۃالبقراء آیات ۶۰-۶۲

(60-62)

سوال ۱- حضرت موسیٰ کی قوم کو جب من وسلٰوی مل گیا تو اُنھوں نے کیا مانگا؟

جواب- من و سلٰوی ملنے کے بعد قوم نے پانی کی درخواست کی

سوال ۲- اس پر موسیٰ علیہ اسلام نے کیا کیا؟

جواب - اُنھوں نے اللہ سے درخواست کی

سوال ۳- پانی کی دعا کرنے پر کیا ہوا؟

جواب - اللہ نے کہا اپنی چھڑی زمین پر مارو، انکی چھڑی مارنے پر بارہ چشمےپھوٹ پڑے

سوال ۴- بارہ چشمے کیوں پھوٹے؟

جواب- حضرت یعقوب کے بارہ بیٹے تھے اور ان کے بارہ قبیلے تھے سب کے لیے اپنے اپنے چشمے پھوٹ پڑے تاکہ کسی قسم کا کوئی جھگڑا نہ ہو

سوال ۵- پھر اللہ نے کیا فرمایا؟

جواب- اللہ نے کہا خوب کھاؤ پیواور اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے خرچ کرو اور دنیا میں فساد نہ کرو

سوال ۶- آخر اللہ نے اُنھیں اتنی آسانیاں کیوں دی؟

جواب- اللہ نے انھیں یہ تمام نعمتیں،فضیلت اور عہد اسلیے دیا تاکہ وہ تورات کو پڑھیں اورپڑھنے کے بعد عمل کریں

سوال۷- اگر انسان حق پر نہیں چل رہا تو کیا کررہا ہے؟

QURANNATION.COM

جواب- اگر انسان حق پر نہیں چل رہا تو فساد برپا کر رہا ہے

سوال ۸- روح کی غذا کیا ہے؟

جواب- روح کی غذا اللہ کا کلام ہے

سوال۹- بنی اِسرائیل کے غرور کا اظہار کیسے ہوتا ہے؟

جواب- بنی اسرائیل جب بھی حضرت موسیٰ سے دعا کے لیے کہتے تو ایسا کہنے کے بجائے کہ اللہ سے ہمارے لیے دعا کیجئے کے بجائے بلکہ وہ یہ کہتے تھے کہ آپ اپنے رب سے دعاکریں یہ کہتے تھے اس سے انکے غروراور تکبر کا اظہار ہوتا ہے

سوال ۱۰-اب آگے کیا مانگ رہے ہیں اللہ سے؟

جواب- کہہ رہے تھے اس زمین سے ہمارے لیے گندم،سبزی،مسور اور پیازوغیرہ پیدا کریں اصل میں وہ ذھنی طور اتنے مفلوج ہوچکےتھےکہ اُس تکلیف کو جو فرعون انکو دےرہاتھاوہ بھول کر معمولی چییزوں کی خواھش کر رہے تھے

سوال۱۱- یہودیوں نے اسکے علاوہ اور کیا کیا؟

جواب- انھوں نے تو حد یہ کر دی کہ اکثر أنبیاء کو قتل کیا

سوال۱۲- کچھ انبیاء کے نام بتائیے جنھیں قتل کیا

جواب- حضرت زکریا علیہ اسلام کو سنگسار کیا پھر حضرت یحيٰ کو قتل کیا پھر حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کو بھی سولی پر لٹکانے کی کوشش کی لیکن اللہ تعالیٰ نےانھیں انکے شر سے بچالیاانھیں اوپر اٹھا لیا

سوال۱۳- ھادیٰ کیا ہے؟

جواب- ھَادیٰ سے یہودی بنا ہے جس کے لفظی معنی رجوع کرنے والا - توبہ کرنے والا ہے

سوال۱۴- بنی اسرائیل کا دوسرا کون سانام ہے؟

QURANNATION.COM

جواب- یہود کے نام سے بھی قرآن میں ان کا ذکر ہے

سوال۱۵-انکے نام کا تقاضہ کیا تھا؟

جواب- اللہ کی طرف رجوع کریں

سوال۱۶- نصٰرانی کا مطلب کیا ہے؟

جواب- مطلب مدد کرنے والا ہے-نصرانی بھی نصٰری سے بنا ہے

سوال۱۷- نصرانی اپنی نسبت کس پیغمبر کی طرف کرتے ہیں؟

جواب- نصرانی اپنی نسبت حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کی طرف کرتے ہیں

سوال۱۸- صابی کاکیا مطلب ہے؟

جواب- وہ شخص جس نے اپنے آباء و اجداد کا دین چھوڑ دیا ہو - اسطرح مشرک، کافر، اور صحابہ اکرام بھی صابی ہیں

سوال۱۹- صابی کے اور کیا معنی پتا چلتے ہیں؟

جواب- بعض علماءکا خیال ہے کہ صابی ایک خاص فرقہ تھا جو ستاروں کی پوجا کرتا تھا، تین نمازیں پڑھتا تھا، شراب کو حلال جانتا تھا انکا خیال تھاکہ انسان کسی نبی کا محتاج نہیں بتوں سے رابطہ قائم کرے تو ٹھیک ہے

بعض علماء کا خیال تھاکہ اُن کا اپنا کوئی مذہب نہیں تھاانھوں نے کچھ باتیں یہودیوں، کچھ عیسائیوں سے اور کچھ مجوسیوں سے لے رکھی تھی

بَعض کا خیال تھاکہ صابی فرشتوں کی عبادت کیا کرتے تھے

بعض کا قول یہ بھی ہے کہ صابی وہ لوگ تھے جو نبیوں پر ایمان رکھتے تھے- سال میں تیس روزے رکھتے تھے اور یمن کو اپنا قبیلہ مانتے تھے

QURANNATION.COM

بعض علماء کا خیال ہے کہ یہ اپنے آپ کو حضرت نوح علیہ اسلام کی اُمت قرار دیتے تھے

بعض کہتے ہیں یہ مشرکوں میں سے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو حضورؐ کی بعثت سے پہلے ہی اپنے شرکیہ خیالات سے تنگ آگئے تھے انھیں بتوں کی پوجا کرنا عقل کے خلاف لگتی تھی اس لیے انھوں نے اپنے عقل کے مطابق اپنے لیے عقیدہ تلاش کیا اور عقیدہ توحید تک پہنچ گئے وہ عقیدہ حضرت ابراھیم کا ھی تھا وہ خود تو اس دین پر آگئے لیکن لوگوں کو نہیں بلاتے تھے

سوال ۲۰- اللہ تعالیٰ نے کیا واضع کردیا ؟

جواب- اللہ تعالیٰ نے واضع کر دیا کہ نجات کا تعلق کسی گروہ یا فرقے سے نہیں- نہ ہی جنت کسی کی میراث ہے بلکہ اصل نقطہ یہ کہ حضورؐ پر ایمان لانا ضروری ہے

سوال ۲۱- جنت کی اصل حقیقت کیا ہے ؟

جواب- جو اللہ اور حضورؐ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے ان کے لیے جنت ہے کسی حافظ یا سید کے گھر پیدا ہونے سے جنت نہیں ملے گی

QURANNATION.COM